© rasailojaraid.com

ایمن آباد میں مورخہ ۲دسمبر کو انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔

## خالد فضل بھٹی برادران کو صدمہ

مسجد مبارک اہلحدیث مشین محلہ نمبر ۳ کے نمازی اور معاون فضل دین بھٹی صاحب طویل علالت کے بعد گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے متقی اور پرہیز گار انسان تھے۔

## صدیق احمد یوسفی اور حاجی اختر حسین (مرحبا جیولرز) کو صدمہ

حاجی اختر حسین صاحب اور صدیق احمد یوسفی (حال مقیم امریکہ) کی چچی جو کہ صدیق یوسفی صاحب کی خوشدامن بھی تھیں۔ ان کا گذشتہ دنوں انتقال ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون ۔

## کامران شہزاد، نعیم شہزاد اور نعمان شہزاد کو صدمہ

اہلحدیث یوتھ فورس کالا گجراں کے سرگرم اراکین کامران شہزاد کے والد، نعیم شہزاد و نعمان شہزاد کے نانا عبدالقیوم بھٹی صاحب مورخہ ۱۳ نومبر کو وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

## محمد اعظم، محمد سعید اور محمد اشرف صاحبان کو صدمہ

اعظم جنرل سٹور کے محمد اعظم، محمد سعید اور محمد اشرف صاحبان کی والدہ محترمہ کا گذشتہ دنوں انتقال ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی ملنسار اور نیک خاتون تھیں۔ انکی نمازِ جنازہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔

## محمد طارق، محمد عابد، محمد خالد مغل اور وقار احمد کو صدمہ

عابد مغل (عابد جنرل سٹور) برادران کی والدہ محترمہ ۵ رمضان المبارک (۲دسمبر) کو اچانک ہارٹ اٹیک کی وجہ سے وفات پا گئیں ہیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ۱۰ بجے شب ان کی نمازِ جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

## ادارہ "حرمین" وجامعہ علوم أثریہ اور مرکزی جمعیت اہلحدیث جہلم

مذکورہ بالا مرحومین کے پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور صمیم قلب سے دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی بشری غلطیوں، کوتاہیوں اور صغیرہ کبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے اور جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین۔ اللهم اغفر لهم وارحمهم وأعذهم من فتنة القبير وعذاب النار

**اعتذار** گذشتہ شمارے کے صفحہ ۴۳ پر قرآن مجید کی آیت غلط لکھ دی گئی، جس پر ادارہ معذرت خواہ ہے۔ اس آیت کی درستگی کر لیں۔ شکریہ ﴿أدع إلى سبيل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة﴾ (النحل: ۱۲۵)

کمپوزنگ: بلال کمپیوٹر کمپوزنگ سنٹر نیلا بازار جہلم
E-Mail: bilalcomputer@hotmail.com

© rasailojaraid.com